جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

جلسہ دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف:

مورخہ ۶ جون ۲۰۱۳ء بروز جمعرات کو دارالعلوم حقانیہ میں ۶۶ ویں تقریب ختم بخاری شریف اور جلسہ دستار بندی کا انعقاد ہوا۔ حسب روایت اس سال بھی اس مبارک تقریب میں ہزاروں افراد نے شدید گرمی کے باوجود شرکت کی۔ اس موقع پر پندرہ سو (۱۵۰۰) فضلاء متخصصین اور حفاظ کرام کی دستار بندی ہوئی۔ سہ پہر ساڑھے چار بجے باقاعدہ تقریب کا آغاز ہوا سب سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر سیر حاصل خطاب فرماتے ہوئے فضلاء کو اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے تیار رہنے کی تلقین کی۔ دارالعلوم کے نائب مہتمم استاذ حدیث حضرت مولانا حافظ انوار الحق صاحب مدظلہ نے حاضرین اور معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور خطاب فرمایا۔ اس مبارک تقریب میں ملک کے اہم علماء کرام اور مشائخ عظام' جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں' قدیم حقانی فضلاؤں نے بھی شرکت فرمائی۔ اس طرح نومنتخب صوبائی اسمبلی کے اسپیکر جناب اسد قیصر صاحب اور ایم پی اے جناب ادریس خٹک صاحب نے بھی خصوصی شرکت فرمائی۔ آخر میں شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب کے دعائیہ کلمات پر اس تقریب کا اختتام ہوا۔

دارالعلوم کے سالانہ امتحانات:

مورخہ یکم جون بروز ہفتہ ۲۰۱۳ء کو دارالعلوم کے تمام درجات کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔ بحمدللہ امتحانات بخیر وخوبی اساتذہ کرام کی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئے پھر دستار بندی وتقریب ختم بخاری شریف کے بعد ۸ رجون ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ وفاق المدارس کے زیر انتظام امتحانات ہوئے اور ۶ دن جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوئے اور دارالعلوم میں سالانہ ڈھائی ماہ کی تعطیلات کا آغاز ہوگیا۔

الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے مختلف انٹرویوز:

تحریک طالبان کے ساتھ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی درخواست پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی طرف سے مذاکرات کے حوالے سے اِن دنوں ملکی اور بین الاقوامی صحافیوں کی حضرت مولانا مدظلہ سے مسلسل ملاقاتیں اور انٹرویوز لئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں جیو نیوز' دنیا نیوز' دن نیوز' سچ نیوز' ڈان نیوز' سماء نیوز اور دیگر اخبارات کی ٹیمیں مسلسل دارالعلوم تشریف آتی رہیں۔ اور انہوں نے طویل انٹرویوز مختلف ٹی وی چینلو پر نشر کئے۔